© rasailojaraid.com



# تعارف کتب

☆ حج وعمرہ کی کتاب، تالیف وتخریج: حافظ عمران ایوب لاہوری۔ ملنے کا پتا: نعمانی کتب خانہ‘ حق سٹریٹ‘ اُردو بازار‘ لاہور۔ فون: ۷۳۲۱۸۶۵-۰۴۲۔ صفحات: ۳۱۶۔ قیمت: درج نہیں۔ [حج وعمرے کے لیے راہنما کتابوں کے سلسلے میں یہ ایک اچھا اور مفید اضافہ ہے۔ حج کے مسنون آداب‘ مناسک اور مسائل مستند روایات اور صحیح احادیث کی روشنی میں ترتیب دیے گئے ہیں۔]

☆ Highway to Success ‘ محمد بشیر جمعہ‘ ترجمہ: صبیح محسن۔ ملنے کا پتا: فضلی بک‘ سپر مارکیٹ‘ اُردو بازار‘ کراچی۔ کتاب سرائے‘ اُردو بازار‘ لاہور۔ صفحات: ۳۲۰۔ قیمت (مجلد): ۲۵۰ روپے۔ [مصنف کی مشہور کتاب شاہراہ زندگی پر کامیابی کا سفر کا انگریزی ترجمہ ہے۔ اُردو میں اپنی نوعیت کی منفرد اور جامع کتاب ہے۔ اچھا ہے کہ اب یہ انگریزی جاننے والوں کے لیے بھی فراہم ہوگئی ہے۔ اس لیے بھی کہ اب پاکستان میں کامیابی کی شاہراہ انگریزی سے ہوکر ہی جاتی ہے‘ بلکہ انگریزی میں مہارت ہی کامیابی کی شاہِ کلید ہے۔]

☆ تذکرہ سوانح حضرت مولانا سید اسعد مدنی‘ اشاعت خاص ماہنامہ القاسم‘ مرتب: مولانا عبدالقیوم حقانی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی‘ جامعہ ابوہریرہ‘ برانچ پوسٹ آفس خالق آباد‘ ضلع نوشہرہ۔ صفحات: ۵۱۲۔ قیمت: درج نہیں۔ [جمعیت علماے ہند کے صدر مولانا سید اسعد مدنی کا انتقال فروری ۲۰۰۶ء میں ہوا۔ چھے ماہ میں ان کے حالاتِ زندگی‘ خدمات اور کارناموں پر اتنی ضخیم اشاعت مرتب کرنے پر القاسم اکیڈمی مبارک باد کی مستحق ہے۔ ایک پورا دور نظروں کے سامنے آجاتا ہے۔ بھارت میں مسلمانوں کی تصویر بھی اس آئینے میں موجود ہے۔]

☆ فہم و دراسہ (الفاتحۃ‘ البقرہ)‘ مرتب: راجا محمد قاضی۔ ناشر: ادارہ ترجمان القرآن‘ اُردو بازار‘ لاہور۔ صفحات: ۴۷۶۔ قیمت: درج نہیں۔ [تفہیم القرآن کے مضامین کو طالب علموں کے ذہن نشین کرنے کے لیے سوالاً جواباً مرتب کیا گیا ہے۔ عربی متن اور ترجمے کے ساتھ اہم الفاظ کے معنی بھی دیے گئے ہیں۔ ایک اچھی اور مفید کاوش۔]

☆ مسجد اسلامی معاشرے میں، ڈاکٹر محمد مسعود عالم قاسمی۔ ناشر: دفتر ناظم سنّی دینیات‘ مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ‘ بھارت۔ صفحات: ۶۴۔ قیمت: درج نہیں۔ [۲۵ سے زیادہ عنوانات کے تحت اسلامی معاشرے میں مسجد کا مقام اور کردار بیان کیا گیا ہے۔ امام‘ موذن‘ صف بندی‘ خواتین وغیرہ کے ساتھ ساتھ روحانی‘ تعلیمی‘ ثقافتی‘ سماجی اور سیاسی کردار بھی زیر بحث آئے ہیں۔]

© rasailojaraid.com